CDA
CAPITAL DEVELOPMENT AUTHORITY

# کیپیٹل ڈیویلپمنٹ اتھارٹی
## سی ڈی اے

URAAN PAKISTAN
#HumCDA

# پبلک نوٹس

عوام الناس اور تمام متعلقہ افراد کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پلاٹ نمبر 101 سیکٹر H-8/1 اسلام آباد جو کہ گندھارا پبلک اسکول کے لیے منظور شدہ ہے وہ سی ڈی اے آرڈیننس 1960ء اور بلڈنگ کنٹرول ریگولیشن 2020 (ترمیم شدہ 2023) کی سنگین خلاف ورزیوں کی مرتکب پائی گئی ہے۔

ان خلاف ورزیوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

- کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) سے تکمیل کا سرٹیفکیٹ (Certificate Completion) حاصل کیے بغیر زیرِ تعمیر عمارت پر قبضہ کرنا؛
- منظور شدہ گندھارہ پبلک سکول کی بجائے روٹس IVY کے نام سے ادارہ چلانا، جو کہ عمارت کا غیر مطابقت (Non-Conforming) استعمال ہے؛
- زیرِ تعمیر عمارت میں تعلیمی سرگرمیوں کا انعقاد، جو عوامی تحفظ کے لیے سنگین خطرہ ہے؛
- عمارت میں آگ بجھانے کے مناسب انتظامات کا نہ ہونا، جو جان و مال کے لیے شدید خطرے کا باعث ہے؛

اس ضمن میں نوٹس، شوکاز نوٹس کے اجراء کرنے کے باوجود سکول مالکان کی طرف سے اس پر کوئی عمل نہیں ہوا۔

لہٰذا تمام والدین، طلباء اور عام شہریوں کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ وہ اس غیر قانونی، غیر محفوظ اور غیر مجاز اسکول سے کسی قسم کا تعلق نہ رکھیں، نہ اس میں داخلہ لیں اور نہ ہی اس کا حصہ بنیں، کیونکہ اس ادارے کی سرگرمیاں نہ صرف سی ڈی اے کے قواعد و ضوابط کی صریح خلاف ورزی اور غیر مطابقت (Non-Conforming) نوعیت کی ہیں بلکہ کسی بھی حادثے کا باعث بن سکتی ہیں۔

کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کسی بھی قسم کے نقصان، حادثے یا جانی و مالی نقصان کی ذمہ دار نہ ہوگی۔

مزید برآں، عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوعیت کی کوئی بھی اور عمارت جو زیرِ تعمیر ہو یا بغیر تکمیلی سرٹیفکیٹ حاصل کیے اس میں کوئی سرگرمیاں شروع کی جائیں وہ کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے قواعد و ضوابط کی سنگین خلاف ورزی تصور کی جائے گی۔ عوام الناس کو اس طرح کی کسی بھی عمارت کے استعمال سے اجتناب کی ہدایت کی جاتی ہے۔

**ڈائریکٹر جنرل**
**بلڈنگ اینڈ ہاؤسنگ کنٹرول ونگ، سی ڈی اے**

15x3-536